www.lasaniindustries.com

نام بھی لاثانی
معیار بھی لاثانی

# لاثانی کی ریسرچ اور شوگر فری پراڈکٹس

گیسٹو وینا

اکسیر دماغ
زعفرانی

جوشاندہ + ملٹھی

توت سیاہ + ملٹھی

فیمووینا™

ڈائے میکسو™

کلپین®

شربت فولادپلس

کفڈِل

السووینا™

وینورہ

ڈومیکس™

عرق مہزل™

لیورلِکس

معجون مقوی دماغ

ڈونِل



# حرف آغاز

**لاثانی فارما** نے اپنے صارفین کی صحت اور ادویات کے معیار کو ہمیشہ مقدم رکھا ہے۔ **لاثانی فارما** کا شعبہ تحقیق و ترقی بھی ہمہ وقت کوشاں ہے کہ بہتر سے بہتر ادویات متعارف کروائی جائیں۔ جس میں کامیابی سے سفر جاری ہے۔ ادارے نے جہاں روایتی ادویات کو جدید تقاضوں کے عین مطابق تیار کیا ہے وہاں پر نئی ادویات اور نئے رجحانات بھی متعارف کروائے ہیں اس کتابچہ میں **لاثانی فارما** کی تمام ریسرچ پراڈکٹس (ادویات) درج کردی گئی ہیں جو لیبارٹری ٹیسٹ اور کلینکل ٹرائل میں قابل ستائش نتائج دے چکی ہیں اور مریضوں کو صحت مند بنا کر معالجین کے اعتماد میں اضافہ کر رہی ہیں آپ کا ہماری ادویات پر اعتماد ہی ہماری اصل طاقت ہے۔

# عرق مہزل™

آج کل یقیناً ہر کوئی چاہتا ہے کہ وہ صحت مند رہے، خوبصورت اور سمارٹ نظر آئے لیکن اس معصوم خواہش میں سب سے بڑی رکاوٹ جسم کا بھدا پن اور موٹاپا ہے جس کا شکار خصوصا وہ لوگ ہوتے ہیں جو کسی بیماری کی وجہ سے یا محض لاپرواہی سے موٹے ہوں وہ جانتے ہیں کہ سمارٹ ہونا کتنی بڑی بات ہے موٹاپا دور حاضر کا تیزی سے بڑھتا ہوا پریشان کن مسئلہ ہے ہر عمر کے مرد، خواتین اور بچے اس مرض میں مبتلا ہو رہے ہیں موٹاپے سے نہ صرف انسان کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے بلکہ اس کی وجہ سے کئی قسم کے صحت کے مسائل بھی پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً سانس پھولنا، چلنے پھرنے میں دشواری موٹاپے کی وجہ سے دور حاضر کے خطرناک ترین امراض ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، جوڑوں کا درد اور دل کے امراض کے پیدا ہونے کا خطرہ بھی کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ آج ہر شخص موٹاپے جیسی خطرناک حالت سے نجات حاصل کرنے کا متمنی ہے اور اس سے نجات کے لئے مختلف طریقے، ادویات اور ٹوٹکے استعمال کرتا نظر آتا ہے۔

**علامات:** موٹاپا (جسم اصل حالت سے زیادہ ہو)، وزن بڑھ جانا، بی ایم انڈیکس (**BMI**) پر آپ کا سکور **25** سے زیادہ ہونا، پیٹ اور کولہوں کا بڑھنا، سانس پھولنا، چلنے پھرنے میں دشواری۔

## لاثانی کی ریسرچ

**لاثانی فارما** کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے اس اہم مسئلہ کا ادراک کرتے ہوئے قدیم و جدید تحقیقات کو مدنظر رکھتے ہوئے **لاثانی عرق مہزل** کا نسخہ ترتیب دیا ہے جو موٹاپے کی جملہ اقسام کے لئے انتہائی کامیاب دوا ثابت ہوئی ہے **لاثانی عرق مہزل** کی ایک اور خصوصیت جو اس کو دوسری وزن کم کرنے والی ادویات سے ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ اس کے استعمال سے کمزوری نہیں ہوتی وزن میں کمی مستقل اور صحت میں اضافہ ہوتا ہے، بھوک ختم یا کم نہیں ہوتی، اسہال کی شکایت پیدا نہیں ہوتی

**لاثانی فارما** کا **عرق مہزل** مردوں و عورتوں پر یکساں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے جسم سے غیر ضروری پانی، چربی اور بلغمی مواد بغیر کسی نقصان (**sideEffect**) کے خارج ہو جاتے ہیں۔ نظام انہضام درست کام کرتا ہے۔ موٹاپے کے جسم پر اثرات ختم کرتا ہے اور موٹاپے کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں و خطرات سے نجات مل جاتی ہے۔ چہرے کی رنگت میں نکھار اور رونق لوٹ آتی ہے۔ جلد تر و تازہ، جسم چاک و چوبند ہو جاتا ہے۔ اس میں شامل اجزاء (اجوائن خراسانی، تلسی، کاسنی، خارخسک) نظام انہضام کو بہتر اور باقاعدہ بناتے ہیں، جسم میں چربی، پانی کے ذخیرہ ہونے کے عمل روکتے ہیں پہلے سے ذخیرہ شدہ (موٹاپے کی صورت) چربی و پانی کو جسم سے خارج کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کرتے ہیں۔

**فوائد**

نظام انہضام کو درست کرتا ہے، جسم میں جمع شدہ چربی و پانی کو خارج کرتا ہے اور چربی و پانی کو جسم میں دوبارہ جمع نہیں ہونے دیتا، موٹاپے سے پیدا ہونے والے مسائل (چلنے پھرنے میں دشواری، سانس پھولنا، تھکاوٹ، جسم کا بھدا پن، کمزوری) سے نجات دیتا ہے موٹاپا دور کر کے جسم کو سمارٹ، صحت منداور چاک وچوبند بناتا ہے

**ترکیب استعمال:** آپ جانتے ہیں کہ موٹاپے کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں اگر آپ کو موٹاپے کے ساتھ کسی اور مرض کی کیفیت یا علامت ہو تو درج ذیل ہدایات پر عمل کریں لاثانی فارما کے شعبہ تشخیص و تجویز کے ماہرین نے لاثانی **عرق مھزل** سے متعلق بار بار پوچھے گئے سوالات اور تجاویز کی روشنی میں لاثانی **عرق مھزل** کا درج ذیل استعمال اور بنیادی معلومات درج کردی ہیں جن پر عمل کرنا نہایت آسان ہے۔

## * موٹاپا + ہضم کی خرابی

اگر موٹاپا (زیادہ وزن، جسم پلپلا و نرم) ہونے کے ساتھ بدہضمی، تبخیر معدہ اور قبض کی شکایت ہو تو صبح وشام کھانے کے **1** گھنٹے بعد لاثانی عرق مھزل **1/2** کپ ہمراہ لاثانی کی کارمینو **2** عدد یا لاثانی کی جوارش کمونی **1** چمچ چائے والا استعمال کریں۔

## * موٹاپا + قبض

اگر موٹاپے کے ساتھ دائمی قبض ہو تو صبح ناشتے کے **1** گھنٹے بعد لاثانی **عرق مھزل 1/2** کپ رات سوتے وقت لاثانی عرق مھزل **1/2** کپ ہمراہ لاثانی کی اطریفل ملین **1/2** چمچ چائے والا استعمال کریں۔ اگر شوگر ہے تو لاثانی کی حب تنکار **1** عدد استعمال کرسکتے ہیں **نوٹ!** زیادہ پاخانے آنے کی صورت میں حب تنکار / اطریفل ملین کا ناغہ کرلیں یا مقدار خوراک کم کرلیں۔

## * موٹاپا + جگر کی خرابی

اگر موٹاپے کے ساتھ جگر کی خرابی ہو تو صبح وشام خالی پیٹ لاثانی کا لیورلکس **2** چمچ چائے والا، کھانے کے **1** گھنٹے بعد لاثانی کی حب جگر یا حب کبد نوشادری **2** عدد ہمراہ لاثانی عرق مھزل **1/2** کپ استعمال کریں۔

## * موٹاپا + اعصابی کمزوری

اگر موٹاپے کے ساتھ خون کی کمی یا اعصابی کمزوری ہو تو صبح وشام خالی پیٹ لاثانی **عرق مھزل 1/2** کپ اور کھانے کے ایک گھنٹے بعد لاثانی کا شربت فولاد پلس شوگر فری **2** چمچ کھانے والے استعمال کریں۔

## * موٹاپا + جگر کی خرابی اور خون کی کمی

اگر موٹاپے کی وجہ جگر کی خرابی کے ساتھ خون کی کمی بھی ہو تو صبح وشام خالی پیٹ لاثانی کا حیا تین شربت **2** چمچ کھانے والے، کھانے کے **1** گھنٹہ بعد لاثانی کی حب جگر یا حب کبد نوشادری **2** عدد ہمراہ لاثانی عرق مھزل **1/2** کپ استعمال کریں۔

### *موٹاپا+ خواتین کے امراض

(1) خواتین، مردوں کی نسبت زیادہ موٹاپے کا شکار ہوتی ہیں اور سمارٹ نظر آنے میں حساس بھی ہوتی ہیں۔ خواتین کے موٹاپے کی عمومی وجہ ان میں حیض (ماہواری) کی خرابی و بندش ہوتی ہے۔ اس کے لیے خواتین صبح و شام خالی پیٹ **لاثانی** کا **فیمووینا** شربت 2 چمچ کھانے والے، کھانے کے 1 گھنٹے بعد **لاثانی** **عرق مھزل 1/2** کپ ہمراہ **لاثانی** کی جوارش کمونی 1/2 چمچ چائے والا استعمال کریں۔ (2) موٹاپے کی وجہ سے ہونے والی حیض کی کمی یا بندش کی صورت میں کھانے کے 1 گھنٹے بعد **لاثانی** کی **فیمو رینا** 2 عدد ہمراہ **لاثانی** **عرق مھزل 1/2** کپ استعمال کریں۔ (3) بچے کی پیدائش کے بعد ہونے والے موٹاپے خاص طور پر پیٹ بڑھنے سے نجات کے لیے پہلے **لاثانی** کا **فیموسول** 4 بوتل صبح، دوپہر، شام 1/2 کپ استعمال کرلیں بعد میں **لاثانی** **عرق مھزل** استعمال میں لائیں تو زیادہ اچھے نتائج ملیں گے۔ (4) حاملہ خواتین **لاثانی** **عرق مھزل**، حب تنکار، **فیمو رینا**، اطریفل ملین اور جوارش کمونی استعمال کرنے میں احتیاط سے کام لیں۔ بڑھے ہوئے پیٹ اور کولھوں کی زائد چربی کے لیے عرق مھزل کے ساتھ جوارش بسباسہ استعمال کریں۔

نوٹ ! **لاثانی** کی جوارش کمونی + **لاثانی** **عرق مھزل** اکثر لوگ موٹاپے سے بچنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ **لاثانی** **عرق مھزل** میں ذائقہ بدلنے کے لئے 1/2 لیموں نچوڑ سکتے ہیں اس سے **لاثانی** **عرق مھزل** کی افادیت بھی زیادہ ہو جاتی ہے، زیادہ موٹاپے کی صورت میں درج بالا دواؤں کا استعمال دن میں 2 کے بجائے 3 مرتبہ کیا جا سکتا ہے۔

پرہیز: میٹھی، نشاستہ دار، چکنائی والی چیزیں کولا مشروبات چائے، کافی، بیکری کی اشیاء اور چاکلیٹ کھانے سے پرہیز کریں۔

ہدایات: ہمیشہ اچھی طرح بھوک لگنے پر خوب چبا چبا کر کھائیں، کھانا ہمیشہ بھوک رکھ کر کھائیں، کھانے سے 1/2 گھنٹہ پہلے اور 1 گھنٹہ بعد تک پانی نہ پئیں، ان چھنے آٹے کی روٹی۔ پھل (چکوترہ۔ پپیتہ۔ مالٹا و تمام ترشاوہ پھل۔ سیب۔ انار اور امرود وغیرہ) سبزیاں (تمام سبز پتے والی سبزیاں مثلاً بند گوبھی، مولی، گاجر، شلجم، کدو، ٹماٹر، سلاد، کھیرا) گوشت میں صرف مرغی کا گوشت سبزی میں ملا کر استعمال کریں۔ مچھلی کا سالن گھر کا بنا کھائیں، تلی ہوئی یا بیسن لگی مچھلی نہ کھائیں۔ دالیں چھلکے والی استعمال کریں، سبز چائے یعنی قہوہ استعمال کر سکتے ہیں۔ چھلکا اسپغول، بھوسی اور ریشہ دار غذائیں استعمال کرنا مفید ہیں۔

# توت سیاہ + ملٹھی®

موسم کی تبدیلی خاص طور پر موسم سرما اور خزاں میں بچے، بوڑھے اور قوت مدافعت کی کمی کے شکار افراد مختلف امراض میں گرفتار ہو جاتے ہیں کسی بھی موسم میں کھٹی، ٹھنڈی اشیاء کا مسلسل استعمال، ماحولیاتی آلودگی، گرد و غبار دھواں وغیرہ سے کئی امراض مثلاً نزلہ، زکام، حلق کا درد، ورم، ورم لوزتین اور آواز کا بیٹھ جانا جیسے امراض لاحق ہو جاتے ہیں ان مسائل کی وجہ ورم لوزتین (ٹانسلز کا پھول جانا) ہے جس کی علامات یہ ہیں

**علامات:** ٹانسلز پھولنے کی ابتداء گلے کی سوزش، چبھن اور درد کے ساتھ ہوتی ہے خفیف لرزے کے ساتھ تیز بخار چڑھ جاتا ہے لوزتین (ٹانسلز) سرخ اور متورم دکھائی دیتے ہیں مریض نگلنے میں سخت درد محسوس کرتا ہے اور خشک کھانسی کی شکایت کرتا ہے مریض کو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے اس کے حلق میں کچھ پھنسا ہوا ہے لہذا وہ بار بار کھنکارتا ہے اور اس کی آواز بھاری پڑ جاتی ہے ٹانسلز سے رسنے والی بدبودار رطوبت کی وجہ سے مریض کے منہ سے سخت ناگوار بو آتی ہے شدید حالتوں میں یہ رطوبت جھلی جیسی صورت اختیار کر لیتی ہے اکثر مریضوں میں ورم

لوز تین کی وجہ سے نظام ہضم بھی متاثر ہوتا ہے گردن کے سامنے والے غدود جسامت میں بڑھ جاتے ہیں بعض مریضوں میں بار بار حملوں سے ٹانسلز ہمیشہ پھولے رہتے ہیں اگر یہ مسئلہ بچوں میں ہوتو بچے کمزور اور لاغر ہوجاتے ہیں اوران کی نشوونما کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے۔

## الثانی کی ریسرچ

گلے کی بیماریوں اور کھانسی میں توت سیاہ اور ملٹھی صدیوں سے مستعمل ہیں بہت سے برانڈ کے شربت توت سیاہ مارکیٹ میں دستیاب ہیں لیکن الثانی فارما کے شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ نے طویل تجربات کے بعد توت سیاہ+ ملٹھی کا ایسا نسخہ ترتیب دیا ہے جو زیادہ موثر اور دوگنا فوائد کا حامل ہے چونکہ عام شربت توت سیاہ میں صرف توت سیاہ استعمال کیا جاتا ہے جو صرف حلق کی خراش کو دور کرتا ہے اور اینٹی وائرل ہے جبکہ الثانی فارما نے ملٹھی اور توت سیاہ کو مخصوص طریقہ سے شربت میں شامل کر کے اس کی افادیت کو کئی گنا بڑھا دیا ہے توت سیاہ+ ملٹھی نہ صرف اینٹی وائرل بلکہ اینٹی بیکٹر یل خصوصیات بھی رکھتا ہے

## فوائد

افادیت کے لحاظ سے شربت توت سیاہ+ ملٹھی گلے کے امراض کی ایک موثر دوا ہے *سگریٹ نوشی اور خشک چیزوں کے استعمال سے ہونے والی گلے کی خراش اور حلق میں ہونے والے نزلہ کو روکنے کے لئے انتہائی مفید ہے * حلق کے ورم، ورم حنجرہ، اور ورم لوزتین میں ایک زود اثر دوا ہے * خناق کے مرض میں نفع بخش ہے *نگلنے کی دشواری رفع کرتا ہے * آواز بیٹھ جانے کی صورت میں مفید ہے * موسمی کھانسی اور حلق کی خراش دور کرتا ہے *ایسے والدین جن کے بچوں کے ٹانسلز خراب ہیں اوران کو آپریشن تجویز کیا گیا ہے ان سے گزارش ہے کہ آپریشن سے پہلے توت سیاہ+ ملٹھی ضرور آزمائیں بہت ممکن ہے کہ انہیں آپریشن کی ضرورت ہی نہ پیش آئے

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام **10** ملی لیٹر (**2** چمچ چائے والے) نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں یا چاٹ لیں

**نوٹ:** گلے کی خرابی کے موسم میں گلے کی خراش، درد اور ورم سے محفوظ رہنے کے لئے شربت توت سیاہ+ ملٹھی صبح وشام استعمال کریں

# السووینا®

موجودہ دور میں مصروف ترین زندگی کی وجہ سے جہاں بہت سے مسائل نے جنم لیا ہے وہاں غذائی معمولات میں تبدیلی کی وجہ سے بھی بہت سے صحت کے مسائل بڑھ چڑھ کر سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں ہمارے رہن سہن میں غیر صحت مند طریقوں کا رواج پانا، غذاء میں بے اعتدالی، تیزابی غذاؤں کی کثرت، تیز مصالحہ دار، چٹ پٹی اور مرغن غذائیں، چائے کی کثرت یا خالی پیٹ پینا، کولا مشروبات اور بازاری کھانوں کے بکثرت استعمال، شراب نوشی، ذہنی تناؤ، تیزابیت کی زیادتی (**Hyper acidity**) سے ہماری صحت بہت بری طرح متاثر ہوتی ہے جس کی ایک بڑی وجہ ہضم کی خرابی خاص طور پر السر جیسی موذی بیماری بھی شامل ہے۔خوراک کی نالی، معدہ یا آنتوں میں زخم ہونا۔ جلد یا مخاطی جھلی (**Mucous Membereene**) کے زخم جو زیادہ تر معدہ (**Stomach**) اور بارہ انگشتی آنت (چھوٹی آنت کا ابتدائی حصہ **Duodenum**) میں ہوتے ہیں۔ معدہ کے زخم (**Peptic Ulcer**) بارہ انگشتی آنت کے زخم (**Deudenal Ulcer**) اس موذی مرض سے نجات ہر اس شخص کی شدید خواہش ہے جو اس میں مبتلا ہے

**علامات:** پیٹ میں معدہ کے مقام پر شدید درد خاص طور پر کھانا کھانے کے درمیان شدت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔خالی پیٹ ہونے سے بھی تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔متلی،گھبراہٹ اور بے چینی رہتی ہے۔مرض کی شدت میں خون آلود قے بھی ہو جاتی ہے۔جسم میں خون کی مقدار کم اور کمزوری ہو جاتی ہے۔جس سے لاغری،سستی اور چہرہ بے رونق ہونا شروع ہو جاتا ہے

## لاثانی کی ریسرچ

السر کے اسباب کو مدنظر رکھتے ہوئے لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے ایک ایسا تیر بہدف نسخہ ترتیب دیا ہے جو جدید وقدیم تحقیقات کا نچوڑ ہونے کے ساتھ ساتھ موثر ترین بھی ہے۔لاثانی فارما کا السووینا سیرپ اس وقت مارکیٹ میں موجود تمام ہربل دواؤں اور بہت سی ایلوپیتھک دواؤں میں ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔جس کی وجہ السووینا سیرپ کا عمدہ نسخہ اور سائنٹی فیک طریقہ تیاری ہے۔السووینا سیرپ میں شامل اجزاء(ملٹھی،سونف،زنجبیل)معدہ یا آنت کے السر اور اس سے پیدا ہونے والے عوارضات کا شافی علاج ہیں یہ السر کا سبب بننے والے بیکٹریا(H. Pylori)کو غیر مؤثر کر کے معدہ،اور بارہ انگشتی آنت کی مخاطی جھلی کے زخم کو مندمل کرتے ہیں اور نظام انہضام کو باقاعدہ بناتے ہیں اس طرح السووینا سیرپ کے نسخہ کے اجزاء تین طرح سے کام کرتے ہیں۔

**1**۔فوری طور پر تیزابیت کو کم کرتے ہیں۔**2**۔نظام ہضم کی اصلاح کر کے ہضم میں معاون ہوتے ہیں۔**3**۔زخم کو مندمل کر کے درد کو روکتے ہیں۔لاثانی کا السووینا زیادہ مؤثر اور استعمال میں نہایت آسان ہے۔اس کے اثرات پہلے روز سے ہی ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

### فوائد

معدہ اور چھوٹی آنت کے السر(Peptic Ulcer)کا مؤثر علاج ہے۔خوراک کی نالی کی سوزش دور کرتا ہے،تیزابیت کی زیادتی(Hyperacidity)اور سینے کی جلن میں مفید ہے۔معدہ کی سوزش ختم کر کے پیٹ درد کو دور کرتا ہے۔بدہضمی،متلی،قے اور تبخیر(گیس)میں فائدہ مند ہے۔السر کے بیکٹریا کو غیر مؤثر کر کے زخم کو مندمل کرتا ہے۔فوری سکون بخشتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح،دوپہر،شام **2** چمچ(چائے والے)کھانے کے بعد پانی یا لاثانی عرق سونف **1** کپ میں ملا کر استعمال کریں۔

**نوٹ:** لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق نے السر کے ایسے مریض جن کو ذیابیطس(شوگر)کا بھی عارضہ ہے ان کے لئے السووینا سیرپ شوگر فری بھی تیار کیا ہے۔پیپ،خون آنے کی صورت میں شربت انجبار اور سفوف حابس اضافہ کریں

**احتیاط:** السر کی انتہائی حالت میں جبکہ زخم بڑھ کر سوراخ کی شکل اختیار کر چکے ہوں یا زخموں سے خون اور پیپ زیادہ تیزی سے جاری ہو تو اس صورت میں مریض کا علاج سرجری ہی سے ہو سکتا ہے۔

# شربت فولاد پلس® (زعفران کے ساتھ)

خون جسم انسانی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔اس کے بغیر بدن کا کوئی عضو اپنا کام جاری نہیں رکھ سکتا۔یہ تمام بدن کو غذا اور توانائی پہنچاتا ہے۔بدن کے ہر حصے کو گرم اور تر رکھتا ہے۔جسم میں پانی کا توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔خون کئی اجزاء پلازما(Plasma)،سرخ خلیات،سفید خلیات،اور انجمادی خلیات(Thrombocytes)وغیرہ سے مرکب ہے۔بدن انسانی میں جب خون کے اجزاء میں کمی ہو جاتی ہے

یا پورے جسم کو خون کی مناسب سپلائی نہیں ہو پاتی ۔اور خون اپنا کام صحیح طور پر انجام نہیں دے سکتا۔ تو ایسی حالت کو خون کی کمی یا انیمیا (Anaemia) کہتے ہیں۔

**علامات:** جسم میں خون کی کمی کے باعث چہرہ کی رنگت زرد اور تمام جسم میں کمزوری لاحق ہو جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے محسوس ہوتے ہیں ۔زیادہ کمزوری کی صورت میں ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہیں۔ نبض تیز ہو جاتی ہے۔ تھکاوٹ، نظام ہضم کی خرابی، اعصابی کمزوری جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔

## لاثانی کی ریسرچ

زعفران صدیوں سے صحت کی بحالی اور اعضائے رئیسہ (دل، دماغ، جگر) کی طاقت کیلئے استعمال ہو رہا ہے زعفران اعصاب کو مضبوط، جسم کو توانا و طاقتور بناتا ہے۔ مقوی و محرک جگر ہے خون کے سرخ ذرات بننے کے عمل کو تیز کرتا ہے۔ لاثانی فارما کے ماہرین نے پاکستان میں پہلی مرتبہ شربت فولاد کے نسخہ میں زعفران کو شامل کیا ہے فولاد پلس کا نسخہ جسم میں خون کی کمی اور کمزوری کی بنیادی وجوہات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے جو جدید و قدیم تحقیقات کا نچوڑ ہے۔ جدید تحقیقات کی رو سے جسم میں فولاد کے جزو بدن بننے کے لیے وٹامن سی (Vitamin C) انتہائی ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے شربت فولاد پلس کے اجزائے نسخہ میں آملہ، ہلیلہ اور بلیلہ کو شامل کیا گیا جو قدرتی وٹامن سی کا خزانہ ہیں، قدرتی فولاد کے حصول کے لیے جامن شامل کیا گیا ہے۔ جدید و قدیم تحقیقات اس بات پر متفق ہیں کہ خون کی تکمیل جگر میں ہوتی ہے۔ جگر کی اصلاح اور اعصابی قوت کے لئے شربت فولاد پلس میں زعفران اور تیز پات شامل کیے گئے ہیں ۔ وٹامن B اعصابی کمزوری اور تھکاوٹ کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اس وٹامن کے حصول کے لیے شربت فولاد پلس میں گاؤزبان شامل کیا گیا ہے۔ جو وٹامن B کا قدرتی ذریعہ ہے ۔ان کے علاوہ شربت فولاد پلس کے اجزائے نسخہ میں اعصاب اور پٹھوں کی طاقت کے لیے کچلہ اور عقرقرحا بھی شامل کیے گئے ہیں۔ اس طرح شربت فولاد پلس کا نسخہ انتہائی متوازن اور جامع ہے۔ جو ہر عمر کے مرد و خواتین ہر موسم میں بلا جھجھک استعمال کر سکتے ہیں۔

### فوائد

☆ خون کے سرخ ذرات کی پیدائش میں اضافہ کر کے چہرے کی پیلاہٹ دور کرتا ہے۔ ☆ ہر قسم کی جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ ☆ جگر اور معدہ کی اصلاح کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ ☆ اعصاب کو تقویت دیتا ہے ☆ لو بلڈ پریشر (Low Blood Pressure) کو معمول پر لاتا ہے۔ ☆ خواتین کے لیے دوران حمل اور دودھ پلانے کے زمانے میں بہترین ٹانک ہے۔ ☆ بچوں کی نشوونما کو بڑھاتا ہے۔ طلباء کی ذہنی اور جسمانی کارکردگی میں اضافہ کرتا ہے۔

**نوٹ:** شربت فولاد پلس کے مسلسل استعمال سے جسم میں فولاد کی زیادتی نہیں ہوتی کیونکہ یہ اعضاء کی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے ہائی بلڈ پریشر (High Blood Pressure) کے مریض کو احتیاط سے استعمال کروائیں مارکیٹ میں دستیاب شربت فولاد جسم میں فولاد کی کمی پوری نہیں کرتے یہ صرف کالے رنگ کے پاخانے کا سبب بنتے ہیں

**ترکیب استعمال:** بچوں کے لیے: صبح و شام کھانا کھانے کے بعد 1 چمچ (کھانے والا)

بڑوں کے لیے: صبح و شام کھانا کھانے کے بعد 2 چمچ (کھانے والا)

# اکسیر دماغ زعفرانی ، معجون مقوی دماغ

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ زندگی کی دوڑ میں کامیابی کے لئے جسم کے ساتھ ساتھ مضبوط دماغ کی ضرورت ہوتی ہے،ہم اپنے جسم کی غذاء کا تو خیال رکھتے ہیں لیکن دماغ جو اعصاب کے ذریعے جسمِ انسانی کو چلاتا اور کنٹرول کرتا ہے اور عقل وتمیز کا مرکز ہے اس کی غذاء کی طرف توجہ نہیں دی جاتی۔جس سے دماغ آہستہ آہستہ کمزور ہوجاتا ہے جس سے حافظہ کی کمی' ذہنی انتشار جیسے مسائل انسان کو گھیر لیتے ہیں حافظہ وذہانت دراصل بہترین اعصابی ودماغی کارکردگی کا نتیجہ ہے صحت منداور توانا دماغ سے ہی معمولات زندگی اور زندگی کے چھوٹے بڑے فیصلے احسن طریقے سے ہوپاتے ہیں۔موجودہ مصروف ترین اور غیر متوازن غذا کے زمانہ میں جن مسائل میں بڑی تیزی سے اضافہ ہوا ہے اِن میں دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی اور اچانک بھول جانا جیسے مسائل سرفہرست ہیں اور ان مسائل کی وجہ سے سر درد، اعصابی کھچاؤ، اعصابی کمزوری اور بہت سارے امراض جنم لے رہے ہیں جن پر اگر بروقت توجہ نہ دی جائے تو یہ مسائل انتہائی شدت اختیار کر جاتے ہیں۔

**علامات: دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' اچانک بھول جانا' سردرد' اعصابی کھچاؤ' اعصابی کمزوری' ذہنی دباؤ۔**

## الثانی کی ریسرچ

الثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے دماغی اور اعصابی کمزوری کے اسباب وعلامات کا جائزہ لینے کے بعد اکسیر دماغ زعفرانی اور معجون مقوی دماغ کا ایسا زود اثر اور کامیاب نسخہ ترتیب دیا ہے کہ جس کے کچھ ہی عرصہ مسلسل استعمال سے، حافظہ کی کمزوری، اعصابی تھکاوٹ، سردرد، کند ذہنی، دماغی کمزوری، دماغی تھکن اور ان جیسے بہت سارے مسائل سے مستقل نجات مل جاتی ہے طالبعلموں، اساتذہ، وکلاء، اطباء ،صحافی، علماء، دفتر میں کام کرنے والوں اور دماغی محنت کرنے والے افراد کیلئے اکسیرِ دماغ زعفرانی اور معجون مقوی دماغ ایک نعمت سے کم نہیں۔ زعفران کے استعمال سے دوا کے اثرات دوچند ہوگئے ہیں۔معجون مقوی دماغ میں مرجان شامل کیا گیا ہے جو جسم میں کیلشیم کی کمی کو پورا کرتا ہے۔

## فوائد

دماغی کمزوری دور ہوتی ہے' یادداشت بحال ہوتی ہے' ذہن اور حافظہ کو قوی کرتا ہے' اعصابی کمزوری دور ہوتی ہے' کند ذہنی اور سر درد میں مفید ہے ' ذہنی دباؤ اور دماغی تھکن دور ہوتی ہے دل' دماغ اور جگر کو طاقت دیتا ہے' جسم کو چاک وچوبند کرتا ہے' لکنت میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** (اکسیر دماغ زعفرانی) بچوں کیلئے: **1** بڑا چمچ (کھانے والا) دن میں دوبار کھانے کے بعد

بڑوں کیلئے: **2** بڑے چمچ (کھانے والے) دن میں دوبار کھانے کے بعد

(معجون مقوی دماغ): بچوں کیلئے: صبح نہار منہ اور شام **4** بجے **1/2** چمچ چائے والا استعمال کریں۔

بڑوں کیلئے: صبح نہار منہ اور شام **4** بجے **1** چمچ چائے والا استعمال کریں۔

# ڈائی میکسو® (سیرپ، گولیاں)

ہماری صحت کا دارومدار معدہ اور نظام ہضم کے صحیح فعل پر ہے یہی وجہ ہے کہ اطباء (معالجین) معدہ کی خرابی کو اکثر بیماریوں کی جڑ قرار دیتے ہیں اگر غذا صحیح طور پر ہضم ہوگی تو جسم میں خون کی پیدائش میں اضافہ ہوگا اور ہم صحت منداور تندرست رہیں گے بہت مشہور قول ہے کہ اگر معدہ

میں تندرستی ہے تو سارے جسم میں تندرستی جائے گی اور اگر معدہ میں بیماری ہے تو سارے جسم میں بیماری جائے گی اس لحاظ سے معدہ کا تندرست اور مقوی ہونا صحت کاملہ کی بنیاد ہے پیٹ اور نظام انہضام کی بیماریاں ایسی ہیں ان سے اگر جلد چھٹکارا حاصل نہ کیا جائے تو آہستہ آہستہ درج ذیل علامات ہونا شروع ہو جاتی ہیں ان کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو مرض پیچیدہ شکل اختیار کر جاتا ہے

**علامات:** تبخیر معدہ، گیس (اپھارہ)، بدہضمی ہچکی، متلی، قے، درد معدہ، کھٹی ڈکار، سینے کی جلن، بھوک کی کمی، چہرے کی رنگت زرد ہونا

## الثانی کی ریسرچ

الثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے ڈائی میکسو سیرپ اور ٹیبلٹس کا ایساز وداثر اور خوش ذائقہ نسخہ ترتیب دیا ہے جو تبخیر معدہ، گیس (اپھارہ) اور آنتوں کی تقویت کے لئے موثر دوا ہے۔ ڈائی میکسو سیرپ جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ کی بجائے عرقیات سے تیار کیا جاتا ہے جس سے اس دوا کی افادیت کئی گنا بڑھ گئی ہے ڈائی میکسو کی تیاری میں ایسی جڑی بوٹیوں کا انتخاب کیا گیا ہے جو نظام ہضم کو تقویت دے کر معدہ، جگر اور آنتوں کی اصلاح کر کے انہیں اپنے افعال صحیح طور پر انجام دینے کے قابل بناتا ہے اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ اس کی افادیت کے ساتھ ساتھ اس کو خوشبودار اور خوش ذائقہ بنایا جائے جس میں اندازے سے زیادہ کامیابی ملی ڈائی میکسو ٹیبلٹس کی تیاری بھی اسی معیار پر کی گئی ہے۔ ڈائی میکسو سیرپ اور گولیاں نظام انہضام کی بہتر کارکردگی کے لئے ایک جامع اور متوازن دوا ہے۔

فوائد

تبخیر معدہ، بدہضمی اور کھٹی ڈکاروں میں مفید ہے، کھانے کے بعد پیٹ بوجھل ہونا، سینے کی جلن، متلی اور قے سے نجات دلاتا ہے، بھوک کی کمی میں مفید اور پیٹ درد رفع کرتا ہے، حمل کے دوران متلی اور معدہ و ہضم کے لئے بے مثال ہے ڈائی میکسو نظام انہضام کی اصلاح کر کے جسم میں خون کی پیدائش میں اضافہ کا سبب بنتا ہے، جس سے جسمانی کمزوری دور اور انسان صحت مند رہتا ہے۔ تیزابیت ختم کرتا ہے۔

**نوٹ:** مندرجہ بالا امراض کے ایسے مریض جن کو ذیابیطس (شوگر) کا عارضہ بھی ہے ان کے لئے شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ نے ڈائی میکسو شوگر فری بھی تیار کیا ہے عوام اور اطباء اس پر فخریہ طور پر بھروسہ کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی کھانے کے بعد پانی سے۔ ڈائی میکسو سیرپ ایک سے دو چمچ کھانے کے بعد استعمال کریں۔

# فیمووینا سیرپ

کائنات کی بقاء اور خوبصورتی کا راز قدرت نے عورت کی ذات میں پوشیدہ رکھا ہے مشہور ہے کہ صحت مند ماں سے صحت مند قوم پیدا ہوتی ہے خواتین میں دیگر امراض کے ساتھ کچھ پوشیدہ امراض بھی لاحق ہو جاتے ہیں جو ان کی قابل رشک صحت کو دیمک کی طرح چاٹ جاتے ہیں، اچھے خاصے سرخ و سفید چہرے بھی زرد اور بے رونق ہو جاتے ہیں ان امراض سے ذرا سی غفلت انتہائی خوفناک نتائج کا سبب بن سکتی ہے خواتین کے ان مسائل میں ماہواری کی بے قاعدگی، ماہواری کا درد کے ساتھ اور رُک رُک کر آنا، سیلان الرحم (لیکوریا) یعنی (رحم اور اندام نہانی سے) سفید یا زردی مائل رطوبت کا آنا جیسے مسائل شامل ہیں۔ اکثر خواتین اپنی فطری شرم و حیاء اور لاپرواہی کی وجہ سے توجہ نہیں دیتیں جن سے یہ امراض مزید پیچیدہ شکل اختیار کر جاتے ہیں۔

علامات: سستی، کمزوری، کام کرنے کو دل نہ چاہنا، تھکن، ماہواری کی بے قاعدگی، لیکوریا، کمر درد، ہاتھ پاؤں کی جلن، بھوک نہ لگنا۔

## لاثانی کی ریسرچ

لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے ان مسائل سے نجات کیلئے **فیمووینا** سیرپ کا ایسا لاجواب خصوصیات کا حامل نسخہ تیار کیا ہے جو خواتین کو اندرونی بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے اس کے اجزاء میں تخم سنبھالو، تخم املتاس، مجیٹھ اور خارخسک وغیرہ شامل ہیں جن سے آپ (معالجین) بخوبی واقف ہیں لاثانی فارما نے ان اجزاء کو بہترین طریقے اور ترتیب سے گا **فیمووینا** کی صورت میں پیش کیا ہے۔ جس کے استعمال سے مذکورہ بالا تمام مسائل سے یقینی نجات مل جاتی ہے۔ **فیمووینا** رحم کو طاقت دے کر حمل کے قابل بناتی ہے۔ اسقاط (بچے ضائع ہونے) کی شکایت میں مفید ہے۔ یہ خواتین کیلئے ایک عمدہ ٹانک ہے۔

فوائد:

ماہواری کی بے قاعدگی، سیلان الرحم، کمر درد، پٹھوں کی کمزوری میں مفید ہے **فیمووینا** سیرپ کے مسلسل استعمال سے بے رونق چہرہ دلکش اور دبلے لاغر کمزور جسم صحت مند ہو جاتے ہیں۔

**نوٹ:** لوشوگر ہے اس میں غیر ضروری چینی سے اجتناب کیا گیا ہے تاکہ موٹاپے سے حساس خواتین بلا جھجک استعمال کر سکیں

احتیاط: دوران حیض اس کا استعمال نہ کریں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام **1** تا **2** چمچ چائے والے حسبِ عمر کھانے کے بعد یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

# لیور لکس (سیرپ و ڈراپر)

انسانی جسم میں دل و دماغ کے ساتھ جگر بھی ایک اہم حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اعضاء درست کام کرتے رہیں تو انسان تندرست اور توانا رہتا ہے۔ اور ان میں اگر کوئی ایک عضو بھی ٹھیک طور پر کام نہ کر رہا ہو تو انسانی جسم کی کارگردگی متاثر ہوتی ہے۔ جدید تحقیقات کے مطابق جگر **500** سے زائد افعال سرانجام دیتا ہے جگر میں کسی بھی طرح کی خرابی سے انسانی صحت بُری طرح متاثر ہوتی ہے اور کئی طرح کی بیماریاں شروع ہو جاتی ہے۔ ہماری طرز زندگی اور کھانے پینے کی بے قاعدگی اور عدم توجہی جگر کی کارکردگی کو متاثر کرتی ہے خاص طور پر تیز مصالحہ دار اور ثقیل اشیاء بہت مضر اثرات چھوڑتی ہیں۔

علامات: پیشاب کا جل کر آنا، ہاتھ پاؤں کی جلن، سینہ میں جلن، سر چکرانا، بدہضمی، چہرے اور جلد کی رنگت زرد ہونا، بھوک کی کمی۔

## لاثانی کی ریسرچ

لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے جگر کی اہمیت اور اس کے افعال میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے لیور لکس (کاسنی، مکوہ، افسنتین اور ست ملٹھی) ایسے اجزاء سے جدید طبی اور سائنٹیفک طریقہ سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کی تیاری میں عرقیات استعمال کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے یہ اور زیادہ زود اثر ہونے کے ساتھ ساتھ مارکیٹ دستیاب جگر کی ادویات سے ممتاز حیثیت حاصل کر گیا ہے لیور لکس نہ صرف جگر کے فعل کو درست کر کے خون پیدا کرتا ہے۔ بلکہ وائرل انفیکشن کے خلاف قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے

فوائد:

جگر کے بڑھ جانے، جگر کے ورم میں مفید ہے، ضعف جگر دور کرتا ہے، یرقان کی شکایت میں بہت موثر ہے۔ لیورلکس جگر کی اصلاح کر کے نظام ہضم کی تمام شکایات دور کرتا ہے۔ خون کی کمی پوری کرتا ہے۔

نوٹ: جگر کی خرابی کے ایسے جن کو ذیابیطس (شوگر) کا بھی عارضہ لاحق ہے ان کے لئے شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ نے لیورلکس شوگر فری بھی تیار کیا ہے۔

ترکیب استعمال :
سیرپ بڑوں کیلئے: صبح، دوپہر، شام دو کھانے کے چمچ
بچوں کیلئے: صبح، دوپہر، شام ایک کھانے کا چمچ
ڈراپر ۶ ماہ سے کم عمر بچوں کیلئے: ۳ سے ۶ قطرے
۶ ماہ سے ایک سال کے بچوں کیلئے: ۸ سے ۱۰ قطرے

# ڈومیکس®

انسانی حسن و جمال جسم کی اچھی صحت، قد، رنگ اور خوبصورت جلد ہونے سے مشروط ہے لیکن یہ سب چیزیں اس وقت بے معنی ہو جاتیں ہیں جب جسم کی جلد کسی بھی شکل میں خراب ہو، جلد جسم انسانی پر نازک حفاظتی تہہ ہے، قدرت نے جسم انسانی کے ڈھانچے میں موجود گوشت، ہڈیوں، اعصاب اور دیگر اعضاء کو جلد جیسی نعمت سے ڈھانپ رکھا ہے جسکی بناوٹ ہر حصہ کے لحاظ سے مخصوص ہے جسم کے مختلف حصوں پر اسکی بناوٹ اور افعال میں تھوڑا بہت فرق ہے اندرونی طور پر جلد خون کی کمی یا خرابی سے متاثر ہوتی ہے زیادہ تر بیرونی عوامل جلد کے مسائل کا باعث بنتے ہیں خاص طور پر خارش وغیرہ کی جملہ اقسام میں اندرونی، بیرونی دونوں عوامل شامل ہوتے ہیں۔ جلد کی خرابی چہرے پر بہت ہی بدنما اثرات کا باعث ہے

**علامات:** خارش، دھدر، جلدی امراض، جلد کا پھٹنا (ایڑھیاں وغیرہ پھٹنا) زخم، کیل، مہاسے (چکنی جلد کے ساتھ)۔

## لاثانی کی ریسرچ

لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے جلد کے ان امراض کے اسباب کو مدنظر رکھتے ہوئے طویل تجربات کے بعد ایک ایسا نسخہ ترتیب دیا ہے جو جلد کے امراض میں فوری سکون دینے کے ساتھ ساتھ مستقل علاج بھی فراہم کرتا ہے ڈومیکس کریم میں سلفر، زنک، کاربالک ایسڈ اور سٹائریکس بینزوین جیسے موثر ترین اجزاء شامل کئے گئے ہیں جو جلد کو جراثیم سے پاک کرتے ہیں زخم کو ٹھیک کرتے ہیں جلد کی خشکی کو دور کرتے اور جلد کی حفاظت کرتے ہیں لاثانی ڈومیکس بیرونی استعمال کی بہترین کریم ہے اسکے اجزاء نہ صرف مقامی طور پر بیماری دور کرتے ہیں بلکہ جلد (skin) میں جلد جذب ہو کر اندرونی بہتری بھی پیدا کرتے ہیں۔ جلد کی کسی بھی قسم کا خارش میں متاثرہ جگہ کو صاف کر کے مرہم لگائی جاسکتی ہے۔

فوائد:

جلد (ایڑھیاں وغیرہ) پھٹنے کی صورت میں ڈومیکس بہترین رزلٹ دیتی ہے معمولی زخم تو ایک مرتبہ استعمال سے ہی مندمل ہو جاتے ہیں۔ خارش کو ختم کرتی ہے، دھدر میں مفید ہے، جلد کی حفاظت کرتی ہے اور جلد کو جراثیم سے پاک کرتی ہے ڈومیکس کریم جلد میں جلد جذب ہو کر اندرونی بہتری پیدا کرتی ہے۔

نوٹ: کیل، مہاسے اور جلد کی خرابی کے لئے بیرونی طور پر ڈومیکس کریم استعمال کریں اور اندرونی طور پر خون صاف کرنے اور جلدی امراض سے نجات کے لئے صبح وشام مصفی لیکوڈ 2 چمچ چائے والے + عرق منڈی 1/2 کپ اور حب مصفی 2 عدد سے استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ جگہ پر بقدر ضرورت آہستہ آہستہ استعمال کریں۔

# ڈونل

جلد میں انسانی حسن پوشیدہ ہے اس کی حفاظت اور صحت پر پوری توجہ دی جاتی ہے آج کے سائنسی دور میں طبی سائنس اس قدر ترقی پا چکی ہے کہ جلد کو ایک علیحدہ عنوان کی حیثیت حاصل ہے یہ اس قدر اہم اور وسیع مسئلہ ہے کہ اب صرف جلد کے امراض پر مہارت حاصل کرنے والے معالجین بھی عام دیکھنے کو ملتے ہیں اس سے اندازہ ہوجاتا ہے کہ جلد کے معاملات کس قدر اہم اور نازک ہیں جلد کے امراض کا اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں اور بعض اوقات تو ناقابل علاج صورت حال بن جاتی ہے۔

## علامات: جلد کی خارش (تر وخشک)، جراثیمی خارش، جلد سے متعلقہ امراض

## لاثانی کی ریسرچ

صدیوں سے نیم کا استعمال خون کی صفائی اور جلدی امراض کیلئے جاری ہے۔ جدید تحقیقات کے مطابق نیم بہترین اینٹی بیکٹیریل اور اینٹی وائرل اثرات رکھتی ہے لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے نیم کی ادویاتی خصوصیات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلدی امراض کیلئے ڈونل کریم تیار کی ہے۔ شعبہ تحقیق اس کے کامیاب کلینیکل ٹرائل کے بعد اس کو مارکیٹ میں پیش کر رہا ہے۔ یہ ہر قسم کی خارش (تر وخشک) میں مفید اور کامیاب ہے۔ گرمی دانوں کو دور کرتی ہے۔ پھوڑے پھنسیاں اس کے استعمال سے رفع ہوجاتی ہیں۔ ڈونل کریم کے نسخہ میں شامل زنک اور دیگر اجزاء اس کی افادیت کو کئی گنا بڑھا دیتے ہیں مارکیٹ میں دستیاب خارش کے لئے بیرونی استعمال کی بہت سی دواؤں میں نمایاں مقام رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ ڈونل کریم پر اعتماد کرنے والے معالجین کی تعداد میں قابل ذکر اضافہ ہو رہا ہے

**فوائد:**

جلد کی خارش (تر وخشک) سے نجات دلاتی ہے گرمی دانے، پھوڑے پھنسیاں ٹھیک کرتی ہے جلد کو بیماریوں سے محفوظ رکھتی اور جراثیم سے پاک کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ حصے کو نیم گرم پانی سے دھو کر خشک کریں۔ ڈونل کریم کو متاثرہ حصہ پر باریک تہہ کی صورت میں لگائیں۔ تھوڑا ملنے سے کریم جلد میں جذب ہوجائے گی۔ مرض کی شدت میں دن میں تین سے چار مرتبہ روزانہ استعمال کریں۔

# کلپین®

کھیل کود، کام کی جلدی میں دوڑ بھاگ، سخت کام اور جسمانی مشقت ہمارے روزمرہ معمولات کا حصہ ہیں کام کاج کے دوران کئی دفعہ موچ، درد، اعصاب کھچ جانا یا چوٹ لگ جانا عام بات ہے جن سے معمولات زندگی متاثر ہوتے ہیں ان کا بروقت علاج اہم بات ہے۔

بڑھتی عمر کے ساتھ جوڑوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، کمر درد وغیرہ کا مسئلہ عام پیدا ہوجاتا ہے جس سے فوری نجات کے لئے تدبیر کرنا اچھی صحت کے لئے

ضروری ہے تندرستی بے شمار نعمت ہے تندرستی ہو تو انسان کے لئے بہت ساری مشکلوں اور مسائل کا سامنا کرنا آسان ہوتا ہے درد کی کیفیت پٹھوں میں کھچاؤ، جوڑوں میں سختی، ورم اور سوزش سے پیدا ہوتی ہے ایسی درد کا ہمیں آئے روز سامنا کرنا پڑتا ہے

**علامات:** چوٹ لگ جانے کا درد۔ موچ۔ پٹھوں میں کھنچاؤ۔ جوڑوں کے درد، اعصابی دردیں۔ کمر درد

## لاثانی کی ریسرچ

**لاثانی فارما** کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے دردجیسی موذی تکلیف سے ازالے کے لئے ونٹر گرین آئل۔ کیپسی کام۔ ست سفیدہ۔ تارپین آئل (B.P.Q) روز میری آئل جیسے بے ضرر اور فوری اثر پذیر اجزاء کی ترکیب سے **کلپین** کریم کا ایسا زود اثر نسخہ ترتیب دیا ہے جو متاثرہ جگہ میں فوری جذب ہو کر درد سے سکون دیتا ہے پٹھوں کے کھچاؤ کو دور کرتا ہے **کلپین** کے مستقل استعمال سے ورم اور سوزش سے نجات مل جاتی ہے۔

**فوائد:**

کلپین ایک جدید تحقیق پر مبنی فارمولے کے تحت تیار کردہ ہے عام درد، جوڑوں کے درد، کمر درد، موچ اور پٹھوں کے تناؤ میں فوری آرام پہنچاتی ہے۔ ایک بات جو **کلپین** کریم کے بارے میں بہت اہم ہے وہ یہ ہے کہ اس کو اپنی پوری افادیت ظاہر کرنے کیلئے کچھ وقت لگتا ہے۔ لہذا روزانہ دن میں تین سے چار دفعہ **کلپین** کریم کا استعمال ضروری ہے جب **کلپین** کریم جلد پر لگائی جاتی ہے تو یہ جلد میں داخل ہو کر اس کیمیائی عمل کو جس کے ذریعے درد کا احساس جلد اور جوڑوں سے ہوتا ہوا دماغ تک پہنچتا ہے۔ آہستہ آہستہ کم کرتے ہوئے بالکل معدوم کر دیتا ہے۔ جتنا یہ کیمیائی عمل جسم میں کم ہوگا درد کا احساس بھی اُتنا ہی کم ہوگا **کلپین** کریم کے متواتر اور صحیح استعمال سے درد سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ **کلپین** میں شامل **(Capsicam)** اعصابی دردوں کیلئے بہت موثر ہے۔ اس ہربل جز کو ایلو پیتھک سسٹم میں بھی کثرت سے استعمال کیا جا رہا ہے۔

**ترکیب استعمال:** پہلی دفعہ **کلپین** کریم لگانے کے **15** سے **30** منٹ میں آپ کو درد میں کمی کا احساس ہونا شروع ہو جائے گا لیکن **کلپین** کریم کو مکمل اثر پذیر ہونے اور درد کو کم سے کم کرنے کیلئے کچھ وقت درکار رہے۔ یہ آپ کو ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ فوری نتائج حاصل نہ ہونے پر یا چند دن کے استعمال کے بعد **کلپین** کریم کا استعمال ترک نہیں کر دینا چاہئے۔ اور یاد رکھئے **کلپین** کریم روزانہ دن میں تین یا چار مرتبہ استعمال کرنی چاہئے۔ **کلپین** کریم اتنی لگانی چاہیے جس سے متاثرہ جگہ اچھی طرح پر ہو جائے اور پھر آہستہ آہستہ مساج کریں جب تک **کلپین** کریم اچھی طرح جذب نہ ہو جائے اگر آپ جوڑوں پر اس کا استعمال کر رہے ہیں تو جوڑوں کو چاروں طرف سے ملنا چاہے۔ جب ہاتھوں اور انگلیوں کے درد کیلئے **کلپین** کریم استعمال کریں تو اس کو اچھی طرح جذب ہونے کیلئے آدھا گھنٹہ دیں

**احتیاط:** **کلپین** کریم کٹی ہوئی جلد، زخم، خراش شدہ جلد، آنکھوں، ناک، ہونٹ اور دیگر نازک اعضاء سکے قریب لگانے میں احتیاط کریں کریم لگا کر اپنے ہاتھوں کو پانی اور صابن سے اچھی طرح دھولیں۔

# وینورہ

دور حاضر میں معمولات زندگی میں عدم توازن، آرام کی کمی، کام کی زیادتی، متوازن غذاء کی قلت، ڈھلتی عمر **(Aging)** ایسے عوامل ہیں جس کی وجہ سے انسان کی قوت مدافعت **(Immuntiy)** روز بروز کم ہوتی جا رہی ہے جس کی وجہ سے بیماریاں جسم پر حاوی ہو جاتی ہیں اور بدن انسانی موسمی

تبدیلیوں کا مقابلہ یا معمول سے زیادہ کام برداشت نہیں کر پاتا، تھکاوٹ، کمزوری، معمولات زندگی کی ادائیگی میں سست روی، نقاہت اور کام کرنے کو دل نہ چاہنا جیسے مسائل درپیش ہوتے ہیں

جسم انسانی لحمیات (گوشت)، نمکیات (کیلشیم، زنک وغیرہ)، حیاتین (وٹامنز)، پانی اور جیسے اہم اجزاء سے مرکب ہے ان میں کمی بیشی سے قوت مدافعت متاثر ہوتی ہے اور جسم کی مختلف حصوں میں کئی طرح کی کمزوری اور سستی واقع ہو جاتی ہے اس کمزوری کو طاقت میں بدلنے کے لئے ہم غذاء (کھانا، پھل، دودھ) کا استعمال کرتے ہیں اور شدید حالت میں زود اثر اور مکمل دوائی غذاء کی ضرورت پیش آتی ہے خاص طور پر بیماری کے دوران اور بیماری کے بعد جسم میں مندرجہ بالا اشیاء کی جسم میں کمی واقع ہو جاتی ہے

**علامات:** قوت مدافعت کی کمی، موسمی امراض کا جلد شکار ہونا، بچوں کی نشوونما، بیماری کے دوران اور بیماری کے بعد کی کمزوری، تھکن، کمزوری، نقاہت، سستی، گھبراہٹ۔

## الثانی کی ریسرچ

**الثانی فارما** کے شعبہ تحقیق اور ماہرین طب نے اس بنیادی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے قیمتی دواؤں، تازہ پھلوں، گوشت اور مغزیات کے حیات بخش اجزاء، نباتاتی فولاد اور کیلشیم پر مشتمل ایک ایسا نسخہ ترتیب دیا ہے جو بدن انسانی کی جملہ ضروریات کو پورا کرنے والا موثر ٹانک ہے۔ وینورہ اپنے سریع الاثر اجزاء کی وجہ سے جسم کے ہر عضو کو تقویت دے کر اس کے نقائص اور کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ وینورہ کے لئے ایسے اجزاء کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جن کی افادیت مسلمہ ہے اور جن کے جوہر لطیف کو حاصل کر کے موثر طور پر محفوظ کر لیا گیا ہے۔ یہ اجزاء بغیر نقصان کے جسم میں پیدا ہونے والی، نمکیاتی، حیاتین (وٹامنز) اور لحمیات وغیرہ کی کمی کو پورا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔

فوائد:

وینورہ بیماری کے دوران اور بیماری کے بعد کی کمزوری کو موثر طور پر دور کرتا ہے۔ تھکاوٹ، نقاہت، بچوں کی بہتر نشوونما اور قوت مدافعت بڑھانے کے لئے قوت و توانائی کا سرچشمہ ہے۔ دل کو تقویت دے کر اس کی حرکات کو منظم کرتا ہے۔ وحشت، گھبراہٹ واختلاج قلب اور خفقان کو دور کرتا ہے۔ دماغ کو تقویت دے کر قوت حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ اعصاب کو تقویت دے کر افعال صحیح اور پورے طور پر ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ گردہ و مثانہ کو تقویت دیتا ہے۔ اپنے محرک اجزاء کی وجہ سے بے نالی غدود کو تقویت دے کر ہارمونز کی پیدائش میں اضافہ کرتا ہے۔ حیاتین اور دیگر غذائی اجزاء کا بہترین ٹانک ہے۔ وینورہ خواتین کے لئے بھی ایک مکمل ٹانک ہے۔ زمانہ حمل اور دودھ پلانے کے زمانے میں اس کا استعمال انتہائی مفید ہے۔ قوت اور توانائی بخشتا ہے۔ ہر موسم میں اور ہر عمر کے افراد استعمال کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:** شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ نے وینورہ شوگر فری بھی تیار کیا ہے

**ترکیب استعمال:** صبح وشام: بچوں کو ایک چمچ (چائے والا) بڑوں کو دو چمچ (چائے والے) دودھ یا فروٹ جوس میں شامل کر کے پلائیں۔

# شوگر فری ادویات

## السووینا™ سیرپ

قدرتی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ
السر کیلئے پاکستان کی پہلی ریسرچ پراڈکٹ

معدہ اور آنتوں کے السر
(زخم، سوزش، جلن، درد)
اور کثرت تیزابیت کے لئے
مفید ہے۔



## کفڈل سیرپ

نزلہ، زکام اور حلق کی خراش۔
بچوں کی خشک کھانسی میں مفید ہے۔
پھیپھڑے اور ہوائی (سانس والی) نالیوں
کی خشکی کو دور کرتا ہے۔




## گیسٹووینا

بدہضمی، تبخیر معدہ، پیٹ درد،
متلی، گیس اور کھٹی ڈکاروں
کے لئے مئوثر دوا ہے۔




## لیورلکس


جگر کے امراض
خصوصی طور پر یرقان اور
کالا یرقان کا موئثر
علاج ہے۔



## وینورہ

لحمیات اور جڑی بوٹیوں کا
لاجواب مرکب ہے۔ گھر بھر کی صحت
کے لئے بہترین ہربل ٹانک ہے

عام جسمانی اور اعصابی کمزوری کے لئے۔ بڑھتے ہوئے بچوں کے لئے۔
بیماری کے بعد صحت کی مکمل بحالی کے لئے۔ قوت مدافعت کو بڑھانے کے لئے۔




## شربت فولادپلس

ہر موسم میں ہر فرد کیلئے

بہترین جسمانی اور اعصابی ٹانک،
زعفران کی اضافی خوبیوں
کے ساتھ



## ڈائجی میکسو™ سیرپ

تبخیر معدہ، کھٹی ڈکاریں، ہاتھ پاؤں
اور سینے کی جلن، بدہضمی، اپھارہ، متلی،
قے اور قبض کے لئے اکسیر دوا۔



لاہور سیلز آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

سیکنڈ فلور شبنم سنٹر شالیمار لنک روڈ لاہور فون: 042-36880778
موبائل: 0300-0724143, 0302-8633333, 0300, 0321-4452676

شیخوپورہ آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

موبائل: 0300-0724143, 0300-4517175

ملتان آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

معین پلازہ میڈیسن مارکیٹ چوک گھنٹہ گھر ملتان
فون: 4574413 -061 موبائل: 0300-0724142, 0300-6373271

کوئٹہ آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

دلاور میڈیسن مارکیٹ جبار پلازہ بیٹ روڈ، کوئٹہ فون: 081-2826614
موبائل: 0300-0724132, 0300-0724102

راولپنڈی آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

D6/1202 اصغر مال سراج الدولہ روڈ بالمقابل امر پاک ڈرائی کلینرز راولپنڈی
فون: 051-5533530 موبائل: 0300-0724123

فیصل آباد آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

فون: 041-8849119 موبائل: 0300-0724199, 0300-0724117

کراچی آفس

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

R/191 بلاک نمبر 16 فیڈرل بی ایریا۔ کراچی فون: 021-36375040
موبائل: 0300-0724140, 0300-0724166

ہیڈ آفس، فیکٹری

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ**

مناواں باٹا پور لاہور، پاکستان
فون: 042-37188844, 37188855
فیکس: 042-37188866 موبائل: 0300-0724101, 0302-8633333
For further information & details www.lasanipharma.com

**طبی ہیلپ لائن**

شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ (R&D) لاثانی فارما

صحت کے مسائل کے حل و مشورہ کیلئے

0302-8447784 @ info@lasanipharma.com مناواں باٹا پور لاہور، پاکستان